© rasailojaraid.com



# کیا نیچریّت۔ مرزائیت۔ اور چکڑالویّت وغیرہ مذہب اہل حدیث کی شاخیں ہیں؟

## (نمبر دوم)

اس مضمون کے پہلے نمبر میں ثابت ہو چکا ہے کہ یہ مذاہب مذہب اہل حدیث کی شاخیں نہیں۔ بلکہ یہ مذاہب پورانے بتدعین معتزلہ وغیرہ سے اخذ کیے گئے ہیں۔ اور کچھ ملاحدہ یورپ سے۔ پھر یہ سوال ہوا تھا کہ سُنی حنفیوں میں ان مذاہب کا پھیل جانا ترک تقلید کا نتیجہ تو ضرور ہے۔ اور مسئلہ ترک تقلید ہندوستان و پنجاب میں اہل حدیث ہی نے پھیلایا ہے اسکا جواب بھی مضمون نمبر اول میں ادا ہوا۔ اور یہ ثابت ہو چکا ہے کہ مطلق تقلید کو ترک کرنیکا مسئلہ بھی یورپ ہی سے آیا ہے۔ علماء اہل حدیث ہندوستان و پنجاب نے یہ مسئلہ کہیں نہیں فرمایا۔ ان کی قلم و زبان صرف دو قسم کی تقلید (۱) تقلید بمقابلہ نص (آیت و حدیث)۔ (۲) تقلید شخصی باعتقاد فرضیت کے ممانعت نکلی ہے۔ اس دو قسم کی تقلید سے بچکر جس مذہب پر منجملہ مذاہب اربع کوئی چلے ان حضرات نے اُس سے منع نہیں کیا اس نمبر (۲) میں اس اجمال کی تفصیل کا وعدہ تھا جو پورا کیا جاتا ہے۔

پس واضح ہو کہ جن حضرات نے ہندوستان میں عمل بالحدیث اور نص کے مقابلہ میں ترک تقلید کا بیج بویا ہے اُن میں سے پہلے حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی ہیں۔ آپ نے مطلق تقلید کو بُرا نہیں کہا۔ اور اس سے مطلقاً منع نہیں کیا۔ بلکہ اُن ہی دو تقلیدوں (۱) تقلید بمقابلہ نص (۲) تقلید شخصی باعتقاد فرضیت کو برا کہا ہے۔ اور مطلق تقلید کو واجب کہا۔ اور تقلید محمود قرار دیا ہے۔ آپ اپنے رسالہ عقد الجید میں فرماتے ہیں :۔

© rasailojaraid.com

